# 25-08-2024 SUNDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔وزیراعظم نریندر مودی نے تلگو کو ایک شاندار زبان قرار دیا ہے اور اس مہینہ کی 29 تاریخ کو یوم تلگو زبان کے موقع پر دنیا بھر میں تلگو بولنے والوں کو مبارکباد دی ہے۔

۲۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت پر ہر طرح کے دباؤ کے باوجود وہ پیچھے ہٹے بغیر غیر قانونی تعمیرات کو ڈھانے کا کام جاری رکھے ہوئے ہے۔

۳۔حیڈرا نے کہا ہے کہ حیدرآباد شہر میں پچھلے 20 دنوں میں 18 مقامات پر انہدامی کارروائیاں کی گئی ہیں اور اس کے ذریعہ 43 ایکر زمین کو بچایا گیا ہے۔

اور

۴۔تلنگانہ کے وزیر صحت داموددھر راج نرسمہا نے یہ بات صاف کی ہے کہ ڈینگی سے موتوں کی خبریں جھوٹی ہیں اور ریاست میں ڈینگی کا کوئی کیس نہیں ہے۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے تلگو کو ایک بہترین زبان قرار دیا۔آکاش وانی پر اپنے من کی بات پروگرام میں خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے اس مہینہ کی 29 تاریخ کو تلگو زبان کے دن کے موقع پر تمام تلگو بولنے والوں کو مبارکباد دی۔

BYTE

وزیراعظم نے کہا کہ اس سال لال قلعہ سے ایک لاکھ نوجوانوں کو جو سیاسی پس منظر نہیں رکھتے ہیں، سیاسی نظام سے جوڑنے کے لئے ان کی اپیل پر اچھا ردِعمل حاصل ہو رہا ہے۔مودی نے یقین ظاہر کیا کہ سیاسی پس منظر نہ رکھنے والے نوجوانوں کے سیاست میں داخلہ سے انہیں ان کے تجربہ اور جوش سے ایک کھلتے ہوئے ہندوستان کو حاصل کرنے میں مدد ملے گی اور جو قدم وہ اٹھائیں گے ان سے ان کا اور ملک کا مستقبل بدلے گا۔

BYTE

وزیراعظم نے کہا کہ خلا کے شعبہ میں کئے گئے سدھار سے ملک کے نوجوانوں کو فائدہ ہوا ہے۔انہوں نے یاد دلایا کہ پچھلے سال آج ہی کے دن چندرائن 3 کامیابی سے چاند کے جنوبی حصہ میں شیو شکتی پوائنٹ پر اترا تھا اور ہندوستان یہ کارنامہ انجام دینے والا دنیا کا پہلا ملک بنا تھا۔

BYTE

وزیراعظم نے کہا کہ زندگی میں فٹنس کی بڑی اہمیت ہوتی ہے اور فٹنس کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے لئے فٹ انڈیا مہم کے اچھے نتیجے نکل رہے ہیں۔ لوگ اب صحت مند رہنے کے لئے یوگا اور موٹے اناج کو اہمیت دے رہے ہیں۔

BYTE

انہوں نے کہا کہ بچوں کو ان کی صحت کے لئے تغذیہ بخش غذا دینا ملک کی ترجیح ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پوشن بھی، بڑھائی بھی مہم میں بچوں کی متوازن ترقی پر توجہ دی گئی ہے۔

BYTE

انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ مانسون کے موسم میں کیچ دا رین مومنٹ میں حصہ لیں۔ انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ ایک پیڑ ماں کے نام مہم کے تحت مزید درخت لگائیں۔ پیرس میں جلد ہونے والے پیرا اولمپکس کے بارے میں بولتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان کھیلوں میں حصہ لینے والے دویانگ کھلاڑیوں کی چیئر فور بھارت ہیش ٹیک کے ساتھ حوصلہ افزائی کی جائے۔

☆☆☆

عوام نے من کی من کی بات تقریر میں وزیراعظم کی طرف سے اٹھائے گئے کئی نکات کا خیر مقدم کیا۔

BYTE

☆☆☆

وزیراعظم کے من کی بات خطاب کا تلگو ترجمہ آج رات 8 بجے پیش کیا جائے گا۔

☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج کہا ہے کہ تلنگانہ حکومت اولمپک میڈل جیتنے والے کھلاڑیوں کو پیدا کرنے کے مقصد سے اگلے تعلیمی سال اسپورٹس یونیورسٹی قائم کرے گی۔ وزیراعظم اعلیٰ گچی باؤلی اسٹیڈیم میں این ایم ڈی سی حیدرآباد میراتھن کے اختتامی پروگرام سے خطاب کررہے تھے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ مختلف شعبوں میں نوجوانوں میں صلاحیتیں پیدا کرنے کے مقصد سے حال ہی میں قائم کی گئی ینگ انڈیا اسکلس یونیورسٹی کی طرز پر ینگ انڈیا اسپورٹس یونیورسٹی کا منصوبہ بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ریاست کے اتھلیٹس کو تربیت دینے کے لئے اسپورٹس یونیورسٹی میں بین الاقوامی کوچس کی خدمات حاصل کی جائیں گی۔ ریونت ریڈی نے کہا کہ ہندوستان 2036ء کے سمر اولمپکس کی میزبانی کی دعویداری کرے گا۔ انہوں نے مرکز سے درخواست کی کہ وہ حیدرآباد میں اولمپک کھیلوں کی میزبانی کرے۔

☆☆☆

تلنگانہ کے وزیر صحت دامودر راجہ نرسمہا نے کہا ہے کہ ریاست میں اب تک ڈینگی کے کسی کیس کا پتہ نہیں چلا ہے۔ انہوں نے یہ بات صاف کی کہ مختلف ضلعوں سے ڈینگی سے موت کی جھوٹی اطلاعات ہیں، جن میں ہنمکنڈہ، ناگر کرنول، رنگاریڈی، کاماریڈی اور سدی پیٹ سے ایک ایک اور محبوب آباد سے دو اطلاعات ہیں۔ ڈینگی سے نمٹنے کے لئے سرگرم اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے وزیر صحت نے کہا کہ تمام ہیلتھ کیر سنٹرس اور ٹیسٹنگ لیابس میں مناسب دوائیں، ٹیسٹنگ کیٹس اور دوسرا سامان موجود ہے۔ محکمہ صحت گھر گھر سروے کر رہا ہے جو جولائی میں شروع ہوا تھا اور اب بھی جاری ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ حکومت نے شری کرشن اشٹمی کے موقع پر کل حیدرآباد میں اسکولوں کو عام تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ یہ اس مہینہ کی دوسری عام تعطیل ہوگی۔ اس سے پہلے یوم آزادی کی وجہ سے 15 اگست کو چھٹی کا اعلان کیا گیا۔

☆☆☆

بی آر ایس لیڈر اور سابق وزیر ہریش راؤ نے آج الزام لگایا ہے کہ حکمراں کانگریس سیاسی بدلے لینے کے لئے حال ہی میں قائم شدہ حیدرآباد ڈیزاسٹر ریسپانس اینڈ اسسٹس مانیٹرنگ اینڈ پروٹیکشن (حیڈرا) ایجنسی کا غلط استعمال کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حیڈرا کا بنیادی مقصد شہری منصوبہ بندی کے مسائل حل کرنا تھا لیکن اس کا استعمال قانون نافذ کرنے کی آڑ میں اپوزیشن قائدین خاص طور پر بی آر ایس پارٹی سے تعلق رکھنے والوں کو نشانہ بنانے کے لئے کیا جا رہا ہے۔ ہریش راؤ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی توجہ ہٹانے کی سیاست کر رہے ہیں اور ریاست میں وبائی بخار جیسے اہم مسائل کو حل کرنے کے بجائے سیاسی مخالفین کو کمزور کرنے پر توجہ دے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حیڈرا کسی ماورائے عدالت تنظیم کے طور پر کام کر رہی ہے اور پہلے سے نوٹس دئے بغیر تعمیرات کو ڈھا رہی ہے۔

☆☆☆

وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ حکومت پر ہر طرح کے دباؤ کے باوجود وہ پیچھے ہٹے بغیر غیر قانونی تعمیرات کو گرانے کا کام جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ حیدرآباد شہر میں تالابوں پر قبضہ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جا رہی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے آج حیدرآباد کے کوکا پیٹ میں ہرے کرشنا ٹاور کی طرف سے رکھے گئے انت سیشا استھاپنا فیسٹول میں حصہ لیا۔ ریونت ریڈی نے برہما کماریوں کے 20 سالہ پروگرام میں بھی شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں کو ڈرگس سے بچانے کے لئے کئی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ نارکوٹکس بیورو قائم کیا گیا ہے جو منشیات کی جڑوں کو تلاش کیا جا سکے اور نوجوانوں

کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لئے اسکل یونیورسٹی قائم کی جارہی ہے۔

☆☆☆

حیڈرا نے حیدرآباد شہر میں پچھلے 20 دنوں میں کی گئی انہدامی کارروائیوں کے بارے میں تلنگانہ حکومت کو ایک رپورٹ پیش کی ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اب تک 18 مقامات پر انہدامی کارروائیاں کی گئی ہیں۔ حیڈرا نے بتایا کہ ان انہدامی کارروائیوں کے ذریعہ 43 ایکر کی زمین کو بچایا گیا ہے۔